89

آیات نمبر 135 تا 141 میں صحیح شہادت دینے کی تلقین خواہ وہ تمہارے اور تمہارے اہل عیال کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ منافقوں کو دردناک عذاب کی خوشخبری۔ جس مجلس میں آیات الٰہی کا مذاق اڑایا جارہا ہو وہاں سے اٹھ کھڑے ہونے کی تلقین۔ منافقین کا کردار۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰۤى
اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ ۚ اے ایمان والو! انصاف پر
مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے اور اللہ تعالیٰ کے لئے سچی گواہی دینے والے بن
جاؤ خواہ یہ شہادت خود تمہارے حق میں یا تمہارے والدین یا قرابتداروں کے حق
میں نقصان دہ ہی کیوں نہ ہو اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا
تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ اور فریق معاملہ خواہ مال دار ہو یا غریب، بہر حال
اللہ تم سے زیادہ ان کا خیر خواہ ہے، سو تم عدل سے گریز کرنے کے لئے خواہشات
نفس کی پیروی نہ کیا کرو وَ اِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ اور اگر تم اپنی لفّاظی کے ذریعہ شہادت میں تحریف کروگے یا شہادت
دینے سے انکار کروگے تو یقین رکھو کہ تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى
رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ اے ایمان والو! تم اللہ پر اور اس
کے رسول ﷺ پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول ﷺ پر نازل کی ہے
اور ان کتابوں پر جو اس نے پہلے نازل فرمائی تھیں سب پر ایمان لاؤ وَ مَنْ يَّكْفُرْ

بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ
بَعِيْدًا ﴿١٣٦﴾ اور جس شخص نے اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور
اس کے رسولوں کا اور روز آخرت کا انکار کیا تو بلاشبہ وہ بھٹک کر گمراہی میں بہت دور
نکل گیا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ
ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿١٣٧﴾ؕ
بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے پھر کفر کیا، پھر ایمان لائے پھر کفر کیا، اور پھر اپنے کفر میں
بڑھتے ہی چلے گئے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ ہی انہیں سیدھے
راستہ کی طرف رہنمائی فرمائے گا بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا
اَلِيْمَا ﴿١٣٨﴾ۙ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ
اے نبی (ﷺ)! آپ ان منافقوں کو جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست
بناتے ہیں یہ خوشخبری سنا دیجئے کہ ان کے لئے دردناک عذاب تیار ہے
اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿١٣٩﴾ؕ کیا یہ منافق ان
کافروں کے پاس عزت تلاش کرتے ہیں تو یاد رکھو کہ عزت تو سب کی سب اللہ ہی
کے قبضہ قدرت میں ہے وَ قَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ
اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ
حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم مسلمانوں کی جانب
قرآن میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جب تم کسی مجلس میں یہ سنو کہ اللہ کی آیتوں کے

ساتھ کفر کیا جارہا ہے اور اس کی آیتوں کا مذاق اُڑایا جارہا ہے تو تم ان لوگوں کے پاس
مت بیٹھو جب تک کہ وہ کسی دوسری بات میں نہ مشغول ہو جائیں، ورنہ تم میں اور اُن
میں کوئی فرق نہیں ہے اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ
جَمِيْعَا ۙ﴿١٤٠﴾ یقین جانو کہ اللہ سب منافقوں اور کافروں کو جہنم میں ایک جگہ اکٹھا
کرنے والا ہے الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ
قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَ اِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ
نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَ نَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اور یہ منافق ایسے ہیں کہ
تمہاری فتح وشکست کے انتظار میں رہتے ہیں پھر اگر اللہ کی جانب سے تمہیں فتح نصیب
ہو جائے تو کہتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر وقتی طور پر کافروں کا پلہ
بھاری رہا تو ان کافروں سے کہتے ہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہیں ہونے والے تھے اور
کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں سے بچا نہیں دیا؟ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿١٤١﴾ بس اللہ
ہی تمہارے اور ان کے معاملہ کا فیصلہ قیامت کے دن کرے گا، اللہ کافروں کو
مسلمانوں کے مقابلہ میں ہرگز غالب نہیں ہونے دے گا رکوع [٢٠]

[# 89]

In Verses 135 to 141, believers are instructed to uphold justice and bear witness to the truth, even if it is against themselves, their parents, or close relatives. The verses also highlight the consequences of hypocrisy. An exhortation to stand up from the assembly where the divine verses are being mocked.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ
وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ ۚ

O you who believe! Stand firmly for justice as witnesses for [the sake of] Allah, even if it is against yourselves, your parents, or close relatives.

اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا
الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

[Regardless of] whether one [party] is rich and [the other] is poor, for Allah is most regardful of [what is good for] them both. So do not let your desires lead you to injustice.

وَ اِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ﴿١٣٥﴾

For, if you distort your testimony or turn away [from the truth], then [know that] Allah is certainly aware of what you do.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ
الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ
قَبْلُ ؕ

O you who believe! Have faith in Allah, His Messenger, the scripture He has revealed to His Messenger, and the scriptures He revealed before.

وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْيَوْمِ
الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿١٣٦﴾

And whoever disbelieves in Allah, His angels, His scriptures, His Messengers, and the Last Day, has indeed gone far astray.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ
ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾

Indeed, those who have believed, then disbelieved, then [again] believed, then [again] disbelieved, and then increased in their disbelief - never will Allah forgive them, nor will He guide them to a [right] way.

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ
يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

[O Prophet!] Give [heavy] tiding of painful punishment to those hypocrites who take the disbelievers as allies instead of believers.

اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿١٣٩﴾
Do these [hypocrites] seek honor [and strength] through these disbelievers? [Remember] indeed, all honor belongs to Allah.
وَ قَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ
Indeed, Allah has revealed to you in the Book that when you hear the verses of Allah being denied and ridiculed, do not sit with them until they enter another conversation. Otherwise, you will be like them.

اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ
جَمِيْعًا ﴿١٤٠﴾

[Know that] Allah will surely gather the hypocrites and disbelievers in the Hell, all together.

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ
قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَ اِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ
قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَ نَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

And indeed, the hypocrites are those, who await misfortune to befall you. If a victory comes to you from Allah, they say, 'Were we not with you?' But if the disbelievers have a gain, they say to them, 'Did we not stand by your side and protect you from the believers?

فَاللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ‌ؕ وَلَنۡ يَّجۡعَلَ اللّٰهُ
لِلۡكٰفِرِيۡنَ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ سَبِيۡلًا ۝١٤١

So, Allah will decide between you on the Day of judgment. Allah will never make a way for the disbelievers to overcome the [true] believers.